# حقیقت فقہ حنفیہ

در جواب

# حقیقت فقہ جعفریہ

حجۃ الاسلام مولانا غلام حسین صاحب قبلہ نجفی فاضل عراق

ہمارے شعبہ تبلیغ کی پانچویں پیشکش

# حقیقت فقہ حنفیہ

در جواب

# حقیقت فقہ جعفریہ

اس رسالہ میں مولوی عبدالستار تونسوی۔ مولوی اللہ یار خاں چکڑالوی مولوی فیض احمد اویسی۔ امان اللہ ملک۔ اور چار یاری مذہب کے دیگر بلا اجرت وکلاء کے فقہ جعفریہ پر کیے گئے تمام الزامات کا ٹھوس جواب دیا گیا ہے۔ نیز امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کے بھانت بھانت کے فتووں پر بھی کسی قدر جرح کی گئی ہے

از قلم حقیقت رقم

حجۃ الاسلام علامہ غلام حسین نجفی (فاضل عراق)

سرپرست ادارہ تبلیغ اسلام ایچ بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور

12/-

# ہمارے ادارہ تبلیغ کی دیگر مطبوعات

مؤلفہ حجۃ الاسلام علامہ غلام حسین صاحب نجفی فاضل عراق

**جاگیر فدک** جس میں مسئلہ فدک پہ چار یاری مذہب کے وکلاء کے تمام عذر جیا لڑی کو غلط ثابت کیا گیا ہے اور بی بی کی صداقت و سچائی کو قرآن و سنت کی روشنی میں ثابت کیا گیا ہے۔ کتاب لاجواب ہے۔ صفحات ۵۰۰ قیمت پچیس روپے

**ماتم اور صحابہ** اسی کتاب میں نوحہ۔ مرثیہ۔ گریہ۔ ماتم۔ خونی ماتم۔ فاقہ۔ سر میں خاک ڈالنا۔ سیاہ لباس پہننا۔ شبیہ ذوالجناح۔ علم مبارک اور عزاداری امام مظلوم پہ چار یاری مذہب کے دیگر تمام اعتراضات کا قرآن و سنت کی روشنی میں ٹھوس جواب دیا گیا ہے۔ صفحات ۲۵۰ قیمت دس روپے

**سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم** اس کتاب میں اہلسنت کے اس اعتراض کا ٹھوس جواب دیا گیا ہے کہ عمر صاحب مولا علی کا داماد تھا۔ مولوی محمد صدیق تاندلوی اور چار یاری مذہب کے دیگر بلا اُجرت وکلاء کا قرضہ پرافٹ سمیت لوٹایا گیا ہے۔ صفحات ۱۴۴ قیمت اکیس روپے

**کلمہ طیبہ** اس رسالہ میں علی ولی اللہ وصی رسول اللہ و خلیفتہ بلا فصل کے جزو ایمان ہونے پر مفصل بحث کی گئی ہے قیمت ایک روپیہ صرف

**قول مقبول فی وحدۃ بنت الرسول** زیر طبع ہے

منتظمین شعبہ نشر و اشاعت

اظہر حسن خاں۔ محمد افضل حیدری



# فہرست



| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | تقیہ کی تعریف اور عبد الستار تونسوی کی ہزلیات کا مفصل جواب | ۷ تا ۲۶ |
| ۲ | امام اعظم کی پوزیشن کتب اہلسنت کی روشنی میں | ۲۷ تا ۳۸ |
| ۳ | ابو بصیر اور زرارہ پر کیے گئے الزامات کا جواب نیز زرارہ والی روایت کا جواب | ۳۹ تا ۴۴ |
| ۴ | سنی فقہ میں شان خدا و نبی و قرآن و اصحاب و خلفاء و عائشہ و معاویہ | ۴۵ تا ۶۹ |
| ۵ | سنی فقہ میں وضو۔ استنجاء۔ غسل جنابت میت۔ اذان کی شان | ۷۸ تا ۹۱ |
| ۶ | سنی بھائیوں کی مایہ ناز نماز۔ امام مسجد کی شان مصلے وتر او تسبیح کی شان | ۹۲ تا ۱۰۴ |
| ۷ | سنی فقہ میں روزہ کی شان۔ حج کی شان۔ کعبہ کی شان قربانی کی شان | ۱۰۵ تا ۱۱۳ |
| ۸ | سنی فقہ میں عقیقہ۔ ختنہ۔ عید۔ جمعہ اور زکوٰۃ کی شان | ۱۱۴ تا ۱۱۸ |
| ۹ | سنی فقہ میں جہاد نکاح۔ طلاق اور حلالہ کی شان | ۱۱۹ تا ۱۲۳ |
| ۱۰ | سنی فقہ میں بعض جرائم کی سزا معاف اور قضاوت کی شان | ۱۲۴ تا ۱۳۹ |
| ۱۱ | سنی فقہ میں حلال اور حرام جانوروں کے احکام | ۱۴۰ تا ۱۴۱ |
| ۱۲ | باب المتفرقات (یعنی مختلف مسائل) | ۱۴۲ تا ۱۵۲ |
| ۱۳ | کلمہ شریف پر بحث | ۱۵۳ تا ۱۵۹ |
| ۱۴ | بلا فصل کا ثبوت | ۱۶۰ |

# غرض تالیف

ایک رسالہ "آئینہ شیعہ نما" مولفہ فیض احمد اویسی سنی۔ ایک رسالہ "حقیقت فقہ جعفریہ" مؤلفہ عبدالستار تونسوی سنی اور ایک رسالہ "نفاذ شریعت" مؤلفہ امان اللہ ملک ایل ایل بی ایڈووکیٹ گجرات پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ ان تینوں رسالوں میں غریب شیعوں پر ہر قسم کا کیچڑ اور گندگی اچھالی گئی ہے اور فقہ جعفریہ کو غلط انداز میں پیش کرنے کی ناکام کوشش کی گئی ہے اور ملت نعمان و مردان کو یہ باور کرایا گیا ہے کہ شیعوں کے فقہ جعفریہ کے نفاذ کا مطالبہ حقیقت میں اسلام کی مخالفت ہے۔ پس ہم معاویہ خیلوں کو یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ شیعہ قوم دین اسلام کی مخالف نہیں ہے بلکہ فقہ نعمان کی مخالف ہے۔ نیز پاکستان میں سنی بھائیوں نے جس اسلام کو تین حصوں میں بانٹا ہوا ہے دیوبندی اسلام بریلوی اسلام۔ وہابی اسلام۔ اس تقسیم کا نتیجہ یہ ہے کہ خود سنی بھائی ایک دوسرے کے اسلام کے دشمن ہیں یہ سب مل کر ایک اسلام کیوں نہیں اختیار کرتے۔ شیعان حیدر کرار (فضول کی پرواہ) چڑھائی ہوئی فقہ سے بیزار ہیں شیعوں کا اسلام فقہ جعفریہ ہے اور یہی سچا اسلام ہے اس فقہ جعفریہ کو



بدنام کرنے کی خاطر ہمارے سنی دوستوں نے چند رسالے تحریر کئے ہیں اور ہمارے جذبات کو مجروح کیا ہے۔ رواداری کا ثبوت اپنی تحریر میں نہیں دیا دفاع کا حق ہر انسان کو ہے۔ لہذا دفاع کی خاطر ہمیں بھی مجبوراً قلم اٹھانا پڑا اور اس رسالہ میں ہم نے سنی فقہ کے پول کھولے ہیں۔ اور حنفیوں کے امام اعظم نعمان کے بھانت بھانت کے فتووں پر جرح کی ہے اور ہمارا مقصد صرف بدزبان ملاؤں کو لگام دینا ہے کسی سنی بھائی کی دلآزاری مقصود نہیں ہے یہ رسالہ درسی مصروفیات سے کچھ وقت نکال کر ذرا جلدی میں تحریر کیا ہے اگر کہیں کوئی خامی نظر آئے تو امید ہے کہ قارئین نظر انداز فرمائیں گے۔

اس رسالہ کی تحریر میں ہمارے معاون خصوصی عزیزم اظہر حسین خان آف محمد علی والا رہے ہیں دعا ہے کہ خداوند کریم عزیز کو اپنی توفیقات خاصہ سے نوازتا رہے

خادم فقہ جعفریہ
غلام حسین نجفی
سرپرست ادارہ تبلیغ اسلام۔ ماڈل ٹاؤن
ایچ بلاک لاہور

4123

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرض ناشر

دورِ حاضر میں جب پاکستان کی غرضِ تخلیق کو پورا کرنے کے لیے اسلامی نظام نافذ کرنے کا نعرہ بلند کیا گیا تو شیعہ سنی اس نعرے میں متحد تھے لیکن جب مقصد پورا ہوتا نظر آیا تو سنی بھائیوں نے اسلامی نظام کی بجائے فقہ نعمان کو پیش کیا۔ چونکہ چودہ سو برس کی تاریخ گواہ ہے کہ شیعان حیدر کرار کے نزدیک اسلامی نظام سے مراد فقہ جعفریہ ہے لہذا شیعوں نے مطالبہ کیا کہ سنی بھائی فقہ نعمان پر عمل کریں اور ہم فقہ جعفریہ پر عمل کریں گے۔ بجائے اس کے کہ سنی بھائی افہام و تفہیم سے کام لیتے دو صد رسالے مذمت فقہ جعفریہ میں لکھ کر شیعوں کے دکھے ہوئے زخموں کو اور دکھا دیا۔ لہذا ہم طلبہ جامع المنتظر نے ان رسالوں کے جواب دینے کی خواہش استاذنا المکرم سے کی۔ تاکہ چوہا خواب میں بھی اپنے آپ کو اونٹ تصور نہ کرے اور سنی یہ نہ سمجھیں کہ بس ہم نے شیعوں کو تحقیق کی چکی میں پیس ڈالا ہے۔ علامہ صاحب قبلہ کے ہم شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنی تدریسی مصروفیات سے کچھ وقت نکال کر مخالف کے اعتراضات کا ٹھوس جواب دیا ہے اور فقہ نعمان کے بھانت بھانت کے فتووں پر کچھ جرح بھی کی ہے

ہمارا مقصود قطعاً سنی عوام کی دلآزاری نہیں ہے بلکہ ان کے علماء کو یہ بتلانا مقصود ہے کہ "ننگی نہائے گی کیا اور نچوڑے گی کیا" آپ جس فقہ کے پاسبان ہیں وہ جگہ جگہ سے پھٹی ہوئی ہے آپ پہلے اس کی مرمت کریں شیعان حیدر کرار سے الجھنے کی کوشش مت کریں۔

نوٹ۔ یہ رسالہ صرف شیعہ بھائیوں کے لئے تحریر کیا گیا ہے دوسرے مذاہب اسے نہ ہی خریدیں اور نہ ہی پڑھیں کیونکہ یہ جوابی کاروائی ہے اور اس کو پڑھنے کیلئے حوصلہ چاہیے کیونکہ

ع کہیں ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

ناشر۔ خادم فقہ جعفریہ۔ اظہر حسن خان آف محمد علی والا ضلع سرگودھا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لاھلہ والصلوٰۃ لاھلہا

# فقہ کی تعریف

الفقہ فی الاصطلاح ھو العلم بالاحکام الشرعیۃ الفرعیۃ عن ادلتہا التفصیلیۃ (معالم الاصول)

ترجمہ۔ تفصیلی دلیلوں سے احکام شرعیہ فرعیہ کو جاننا۔

تفصیلی دلیلوں سے مراد قرآن اور سنت ہے۔ اور سنت سے مراد قول رسول، عمل رسول اور تقریر رسول ہے۔ اور ان تینوں کے بیان میں جو الفاظ مسلمانوں تک پہنچے ہیں ان کو حدیث و روایت کہتے ہیں۔ اہل تشیع کے نزدیک سنت وہ معتبر ہے جس کا بیان شیعوں کے بارہ اماموں میں سے کسی ایک نے فرمایا ہے چونکہ اہل سنت کے خلفاء اپنے زمانے میں شیعوں پر اور ان کے اماموں پر ظلم کرتے رہے ہیں لیکن امام محمد باقرؑ و امام جعفر صادق علیہ السلام کے زمانے میں بنو امیہ اور بنو عباس کی آپس میں خلافت کے بارے میں لڑائی ہو گئی پس شیعوں کو کچھ آزادی مل گئی اور اپنے مذکورہ دونوں اماموں کی خدمت میں پہنچ کر سنت رسول کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کیں۔ اور ان دونوں اماموں سے احادیث کی زیادہ مقدار روایت کی گئی ہے۔ چونکہ احادیث کے الفاظ سے جو احکام سمجھے جاتے ہیں انہی کو علم الفقہ کہتے ہیں اور احادیث زیادہ مقدار میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے ذریعہ شیعوں تک پہنچی ہیں۔ پس اسی کی مناسبت سے شیعہ فقہا اپنی فقہ کو فقہ جعفریہ کہتے ہیں ورنہ ہر گیارہ کو فقہ علویہ، فقہ حسینیہ، فقہ حسنیہ، فقہ سجادیہ

الی آخرہ کہا جا سکتا ہے۔ شیعوں میں بارہ اماموں کو مجتہد اور فقیہ نہیں کہا جاتا کیونکہ مجتہد یا فقیہ وہ ہوتا ہے جس کا علم کچھ مقدار یقینی اور کچھ مقدار ظنی ہوتا ہے۔ نیز ان کا علم کسبی ہوتا ہے اور خطا سے معصوم بھی نہیں ہوتے۔ اور امام کا علم تمام کا تمام یقینی ہوتا ہے اور وہبی ہوتا ہے اور امام خطا سے بھی پاک ہوتا ہے۔ شیعہ راویوں نے اپنے اماموں سے جب سنت رسول کو احادیث و روایات کی صورت میں بیان کیا تو بعد میں انہی احادیث سے شیعوں کے ہاں کتب احادیث مرتب ہوئیں۔ شیعوں میں حدیث کی کتابیں بہت ہیں مگر ہم صرف چند کا تذکرہ بطور مثال پیش کرتے ہیں۔

۱۔ کافی شریف۔ یہ چھ جلدوں میں ہے اور اس میں سولہ ہزار ایک سو ننانوے حدیث درج ہے اس کے مؤلف شیخ ابو جعفر محمد ابن یعقوب کلینی ہیں۔ ان کی وفات ۳۲۹ھ میں ہوئی ہے۔

۲۔ من لا یحضرہ الفقیہ۔ اس میں نو سو چوالیس احادیث درج ہیں۔ اس کے مؤلف شیخ ابو جعفر محمد بن بابویہ قمی ہیں۔ انہوں نے ۳۸۱ھ میں وفات پائی ہے۔

۳۔ تہذیب الاحکام۔ اس میں تیرہ ہزار پانچ سو نوے احادیث درج ہیں

۴۔ الاستبصار۔ اس میں پانچ ہزار پانچ سو گیارہ احادیث درج ہیں۔

ان دونوں کے مؤلف شیخ ابو جعفر محمد بن حسن طوسی ہیں۔ اور انہوں نے ۴۶۰ھ میں وفات پائی ہے۔

۵۔ وسائل الشیعہ۔ یہ پچاس جلدوں میں ہے اس کے مؤلف شیخ حر عاملی ہیں۔

۶۔ بحار الانوار۔ یہ ستائیس جلدوں میں ہے اس کے مؤلف علامہ محمد باقر مجلسی ہیں۔



۷۔ الوافی۔ ۳ جلد۔ اس کے مؤلف جناب محسن فیض کاشانی ہیں۔

۸۔ مستدرک الوسائل۔ ۳ جلد۔ اس کے مؤلف مرزا حسین نوری ہیں۔

۹۔ کمال الدین۔ علی ابن بابویہ اس کے مؤلف ہیں۔

۱۰۔ الخصال۔ اس کے مؤلف شیخ صدوق ہیں۔

نوٹ۔ ان احادیث کی کتابوں سے جو علماء احکام شرعیہ کا مخصوص شرائط کے ساتھ استنباط کرتے ہیں ان کو فقہاء و مجتہدین کہا جاتا ہے اور ان احکام کو علم الفقہ کہا جاتا ہے۔ شیعوں میں فقہ کی کتابیں بہت ہیں یہاں چند کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

۱۔ جواہر الکلام۔ ۴۴ جلد۔ مؤلف رئیس الفقہا شیخ محمد حسن نجفی۔
۲۔ مفتاح الکرامہ۔ مؤلف آقا میر رضا ہمدانی
۳۔ ذرائع الاحکام۔ مؤلف فاضل ماتقانی
۴۔ الحدائق الناضرہ۔ مؤلف شیخ یوسف بحرانی
۵۔ ریاض المسائل
۶۔ مسالک الافہام۔ مؤلف شہید ثانی زین الدین علی بن احمد
۷۔ المبسوط۔ مؤلف شیخ طوسی
۸۔ الخلاف۔ مؤلف شیخ طوسی
۹۔ المقنع۔ مؤلف شیخ صدوق
۱۰۔ المقنعہ۔ مؤلف شیخ مفید بن محمد
۱۱۔ شرح مختصر النافع۔ مؤلف ابن فہد حلی احمد بن محمد
۱۲۔ التذکرہ۔ مؤلف علامہ حلی حسن بن یوسف
۱۳۔ تبصرہ۔ مؤلف علامہ حلی حسن بن یوسف
۱۴۔ منتہی۔ مؤلف علامہ حلی حسن بن یوسف
۱۵۔ قواعد الاحکام۔ مؤلف علامہ حلی حسن بن یوسف
۱۶۔ المختلف۔ مؤلف علامہ حلی
۱۷۔ التحریر۔ مؤلف علامہ حلی
۱۸۔ السرائر۔ مؤلف محمد بن ادریس
۱۹۔ معتبر۔ مؤلف ابو القاسم جعفر بن حسن محقق حلی
۲۰۔ الکافیہ۔ مؤلف ابی الصلاح حلبی۔

4123

۲۱۔ البیان ۔ مولف
۲۲۔ دروس ۔ شہید اول
۲۳۔ ذکریٰ ۔ شمس الدین محمد
۲۴۔ الالفیہ
۲۵۔ الوسیلہ ۔ مولف محمد بن علی بن حمزہ
۲۶۔ شرح لمعہ دمشقیہ ۔ مولف شہید ثانی
۲۷۔ غنیہ ۔ مولف سید ابی المکارم بن زہرہ
۲۸۔ المراسم ۔ مولف سالار بن عبدالعزیز دیلمی
۲۹۔ مہذب ۔ مولف قاضی بن البراج
۳۰۔ المحرر ۔ مولف ابن فہد حلی
۳۱۔ الموجز ۔ مولف ابن فہد حلی
۳۲۔ جامع المقاصد ۔ مولف محقق ثانی شیخ علی کرکی ۔
۳۳۔ الفقہ ۔ مولف کاظم الیا طباطبائی
۳۴۔ مستمسک العروہ ۔ مولف سید محسن حکیم
۳۵۔ مفتاح کتب اربعہ ۔ مولف سید مہدی الموسوی
۳۶۔ جامع الفروع ۔ مولف آقا حسین بروجردی
۳۷۔ الفتاویٰ الواضحہ ۔ مولف سید باقر صدر

۳۸۔ الفقہ الاسلامی ۔ مولف سید باقر شیرازی
۳۹۔ الفقہ الصادق ۔ مولف محمد صادق روحانی
۴۰۔ وسیلۃ النجاۃ ۔ مولف ابوالحسن اصفہانی
۴۱۔ ذخیرۃ المعاد ۔ مولف شیخ زین الدین
۴۲۔ ارشاد المبتدین ۔ مولف سید محمد تقی
۴۳۔ مناسب الانوار ۔ مولف شیخ اسداللہ کاظمینی
۴۴۔ درثمین ۔ شیخ مرتضیٰ انصاری
۴۵۔ المکاسب ۔ مرتضیٰ انصاری
۴۶۔ العروۃ الوثقیٰ ۔ کاظم یزدی
۴۷۔ تنقیح العروہ مولف ابوالقاسم خوئی مدظلہ
۴۸۔ تحریر الوسیلہ ۔ مولف آقائے روح اللہ خمینی مدظلہ
۴۹۔ شرائع الاسلام ۔ مولف محقق حلی
۵۰۔ منہاج الصالحین ۔ مولف محسن حکیم مدظلہ

ذکر ۔ شیعوں نے جو کتابیں ۔ احادیث ۔ تفاسیر ۔ فقہ ۔ تاریخ ۔ علم رجال علم اصول الفقہ ۔ علم النحو ۔ علم صرف ۔ علم منطق ۔ علم فلسفہ ۔ علم بلاغت علم عروض ۔ علم تجوید ۔ علم اشتقاق ۔ علم طب ۔ علم ادب کی لکھی ہیں اگر کوئی شخص ان کی تفصیلات معلوم کرنا چاہے تو آغا بزرگ طہرانی کی کتاب الذریعہ الی تصانیف الشیعہ کو پڑھے ۔ مذکورہ کتاب گیارہ جلدوں میں شیعہ کتب کی ایک چھوٹی سی فہرست ہے ۔

---

## مولانا عبدالستار تونسوی کے ہزلیات کا جواب

۱۔ مولانا موصوف نے اپنے رسالہ حقیقت فقہ حنفیہ کے صفحہ نمبر ۳۰ و ۴۰ پر یوں گل ریزی گلشن کلام میں کی ہے کہ شیعہ فقہ جعفریہ کی آڑ میں اسلامی نظام کے نفاذ کی مخالفت کر رہے ہیں ۔

جواب

تونسوی صاحب کو لمبے داڑھے کے ساتھ جھوٹ بولنے اور مکر و فریب کرنے سے شرم ہی نہیں آئی ۔ شیعوں نے کبھی بھی اسلامی نظام کی مخالفت نہیں کی ۔ بات دراصل یہ ہے کہ اسلامی نظام دراصل اس وقت چھ صورتوں میں دنیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے ۔

۱۔ فقہ جعفریہ ۲۔ فقہ حنفیہ ۳۔ فقہ مالکیہ
۴۔ فقہ حنبلیہ ۵۔ فقہ شافعیہ ۶۔ مسلک اہلحدیث

دنیا میں اس وقت تمام مسلمان مذکورہ چھ فرقوں میں تقسیم ہیں اور سب کے

سب اسلام کے دعوے دار ہیں اور ہر فرقہ اسلام کو اپنی فقہ اور مسلک کی صورت میں پیش کرتا ہے اور دوسروں کے پیش کردہ اسلام پر تنقید کرتا ہے بلکہ مخالفت کرتا ہے پس ہم شیعان حیدر کرار اس اسلام کے مخالف نہیں جسے پیغمبر اسلام نے پہنچایا ہے۔ کیونکہ اہل البیت ادری بما فی البیت۔ گھر والے زیادہ جانتے ہیں کہ اس گھر میں کیا ہے۔

پیغمبر اسلام نے جو اسلام پہنچایا تھا آنجناب کے اہلبیت اس اسلام کو دوسرے لوگوں سے بہتر جانتے تھے اور اہلبیت نبوت نے وہ اسلام ہم شیعوں تک پہنچایا ہے۔ پس صحیح اسلام ہمارے پاس ہے اور حنفی حضرات جس اسلام کو فقہ حنفیہ کی شکل میں پیش کرتے ہیں ہم اس کو اسی طرح قبول نہیں کرتے جس طرح مالکی۔ شافعی حنبلی اور اہلحدیث اسے قبول نہیں کرتے

## خلاصہ

ہم اسلام کے مخالف نہیں ہیں ہم فقہ نعمان کے مخالف ہیں اور تونسوی کا یہ کہنا کہ اسلامی نظام کے اعلان سے شیعہ رؤساء، علماء، وکلاء مجتہدین حضرات کے گھر میں صف ماتم بچھ گئی ہے یہ تونسوی کی مکاری ہے۔ جواباً ہم بھی کہتے ہیں کہ نفاذ فقہ جعفریہ کے مطالبہ سے تونسوی جیسے مناظر اور امان اللہ لک جیسے ایل ایل بی اور اس کے استاد مولوی اللہ یار خاں کے گھر مرگ عثمان ہوگئی ہے۔

۲۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۶ پر اپنے صدف دہن سے اس طرح ابدار موتی اگلے ہیں کہ شیعوں کے عقیدہ میں ابوبکر اور عثمان وغیرہ نے نبی کریم کے بعد دین کو بگاڑ دیا تھا اور جناب امیر نے اس بگڑے ہوئے دین کی اصلاح کرنا



ضروری نہیں سمجھا۔ پس شیعوں کو اسی بگڑے ہوئے دین پر چلنا چاہیئے۔

## جواب۔

تونسوی صاحب کیوں تجاہل عارفانہ کرتے ہو۔ چودہ سو برس سے شیعہ سنی مخالفت کا یہی تو جھگڑا ہے۔ شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ صحابہ کرام میں سے ابوذرؓ۔ سلمانؓ۔ مقدادؓ۔ عمارؓ۔ بلالؓ۔ ابوایوب انصاری وغیرہ نے نبی کریم سے جو احادیث معتبر طرق سے نقل کی ہیں وہ حجت ہیں اور حضرت علی سے لیکر امام مہدی تک آئمہ اہلبیت نے جو احادیث نبوی بیان فرمائی ہیں اور صحیح اسناد سے ہم تک پہنچی ہیں وہ حجت ہیں

## خلاصہ

مذکورہ ہستیوں نے اسلام کی جو تشریح کی ہے اور جو شکل و صورت پیش کی ہے ہم اسی کو صحیح اسلام اور دین محمدی سمجھتے ہیں۔ اور اہل سنت کے بزرگوں نے مثلاً ابوہریرہ، ابوبکر۔ عمر۔ عثمان۔ نعمان۔ شافعی۔ مالک۔ احمد بن حنبل۔ بخاری مسلم۔ غزالی۔ رازی۔ ابن تیمیہ۔ ابن عربی اور ابن کثیر وغیرہ نے جو شکل و صورت اسلام کی پیش کی ہے چودہ سو برس کی تاریخ گواہ ہے کہ شیعہ اسے کسی قیمت پر قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہوئے۔ جناب امیر نے شیخین کے بگڑے ہوئے اسلام کی اصلاح فرمائی تھی۔ البتہ آنجناب نے اپنی رعایا کو اس پر چلنے کیلئے مجبور نہیں کیا تھا اور یہی انصاف ہے کہ حاکم اپنی رعایا کو اپنے عقیدہ پر چلنے کے لئے مجبور نہ کرے اور نہ ان کا قتل عام کرے۔

۳۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۸ پر یہ گوہر افشانی بھی کی ہے کہ شیعوں کو ان کے اماموں نے تقیہ کا حکم دیا تھا۔ پس شیعہ تقیہ میں رہیں اور فقہ جعفریہ

مطالبہ نہ کریں۔

جواب

تقیہ کوئی بری بات نہیں ہے کیونکہ اہلسنت کی بخاری شریف میں لکھا ہے قال الحسن التقیۃ الی یوم القیامۃ مثلاً کہ تقیہ قیامت تک جائز ہے۔ نیز نبی کریم اور ابوبکر بھی تین دن تک تقیہ کرکے غار میں چھپے رہے تھے۔ نیز سنیوں کا امام اعظم ابوحنیفہ بھی تقیہ کرکے زید ابن علی کی طرفداری کرتا تھا۔ ثبوت تاریخ خمیس صفحہ ۲۲۷ نیز بخاری شریف ذکر اسلام عمر میں لکھا ہے کہ اسلام لانے کے بعد عمر صاحب بھی گھر میں تقیہ کرکے بیٹھ گئے تھے۔ نیز عثمان صاحب بھی موت سے پہلے چند دن تقیہ کرکے گھر میں بیٹھے رہے۔ نیز معاویہ بھی فتح مکہ سے پہلے چند دن تقیہ میں رہا۔ نیز معاویہ اور حجاج کے زمانے میں اہلسنت کے بڑے بڑے بزرگ تقیہ میں رہے۔ پس شیعوں کو ان کے اماموں نے اس وقت تقیہ کا حکم دیا تھا۔ جب اہلسنت کے خلفاء اور حکام ان پر ظلم کرتے تھے اور ان کو قتل کرتے تھے۔ پس شیعوں نے اپنی جان بچانے کی خاطر تقیہ کیا اور اس میں کیا حرج ہے۔ اب جبکہ شیعوں کو جان کا خطرہ نہیں رہا تو تقیہ کی ضرورت بھی نہیں پس شیعوں کا یہ جائز مطالبہ ہے کہ ہم اپنے امور زندگی میں فقہ جعفریہ پر عمل کریں گے اور دیگر مذاہب اسلام اپنی اپنی فقہ پر عمل کریں۔

۴۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۹ پر یہ فریب کاری بھی کی ہے کہ شیعوں نے انگریز کے زمانہ میں یا پاکستان بننے کے بعد لیاقت علی خان سے شیعہ نواز بھٹو تک فقہ جعفریہ کا مطالبہ کیوں نہ کیا۔

جواب۔ بھٹو صاحب کا نام اہلسنت ملوانوں کے دل پر نشتر کا کام کرتا ہی



رہے گا۔ تونسوی کو مکروفریب سے شرم کرنی چاہیئے۔ انگریز کے زمانے میں جتنی تعداد اسلام عدالت میں قبول تھا وہ طلاق، نکاح، میراث کے احکام تھے۔ اور ان تینوں امور میں فقہ جعفریہ کے مطابق اور سنیوں کے لیے فقہ حنفیہ کے مطابق فیصلے ہوتے تھے۔ اور ہمارا اس دعوے پر عدالت کا ریکارڈ گواہ ہے۔ اب جبکہ عدالتی امور میں اہلسنت چاہتے ہیں کہ فقہ حنفیہ رائج ہو تو ہم شیعوں کا یہ جائز مطالبہ ہے کہ ہمارے لیے تمام عدالتی کاروائی فقہ جعفریہ کے مطابق کی جائے۔

۵۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۱۰ پر یہ فریب کاری بھی کی ہے کہ فقہ جعفریہ نہ تو رسول اللہ سے منسوب ہے اور نہ ہی جناب علیؑ سے لے کر امام محمد باقرؑ تک کسی امام سے منسوب ہے بلکہ صرف امام جعفر صادق کی طرف منسوب ہے اور یہ جھوٹا ہے۔

جواب

ہم تو مولوی عبدالستار کو پڑھا لکھا آدمی سمجھتے تھے لیکن موصوف کا رسالہ پڑھنے کے بعد معلوم ہوا ہے کہ موصوف یا تو علم اصول فقہ اور علم فقہ سے ناواقف ہے یا پھر جان بوجھ کر ملک میں شیعہ سنی فساد برپا کرنا چاہتے ہیں۔ بات دراصل یہ ہے کہ فقہ کے احکام احادیث سے لیے جاتے ہیں اور شیعوں کی حدیث کی کتابیں بھری پڑی ہیں کہ نبی کریمؐ اور حضرت علیؑ سے لیکر امام مہدی تک تمام معصوموں کی حدیثیں تحریر ہیں اور فقہ جعفریہ کو فقہ نبویہ، علویہ، حسنیہ، حسینیہ، سجادیہ کہنا درست ہے۔ اگر تونسوی کی یوں تسلی نہیں ہوتی تو ہم عرض کرتے ہیں کہ فقہ حنفیہ نہ ہی

4123

رسول اللہ سے منسوب ہے اور نہ ہی ابوبکر و عمر و عثمان و معاویہ و یزید سے منسوب ہے۔ یہ فقہ صرف ابو نعمان ابوحنیفہ کی طرف منسوب ہے اور حضرت نعمان کی فقہ وہ ہے جس میں کتے کا چمڑہ بھی پاک سمجھا جاتا ہے۔ پس ایسی فقہ کو ہم نہیں مانتے۔ ہمارا یہ مطالبہ ہے ہم اس فقہ پر عمل کریں گے جو ہمارے بارہ اماموں کے ارشادات کی روشنی میں درست ہے۔

۶۔ تونسوی صاحب نے اپنے رسالہ کے ص۱۰ میں یہ بڑی فریب چال بھی چلی ہے کہ فقہ جعفریہ کو امام صادقؑ نے نہ ہی دیکھا تھا اور نہ ہی اس پر عمل کیا تھا۔ اور نہ ہی اس پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔

## جواب۔

تونسوی صاحب جان بوجھ کر تجاہل عارفانہ کرتے ہیں۔ فقہ وہ علم ہے اور احکام ہیں جو نبی کریم اور آئمہ اہلبیت علیہم السلام کی احادیث کی روشنی میں حاصل کیے جاتے ہیں۔ فقہ جعفریہ نبی کریم اور آئمہ اہلبیت کے ارشادات کی روشنی میں حاصل کی گئی ہے۔ پس فقہ جعفریہ کے وہی احکام ہیں جن پر نبی کریم اور آئمہ اہلبیت نے خود بھی عمل فرمایا ہے اور اپنے شیعوں کو اس پر عمل کرنے کا حکم بھی دیا ہے۔

اگر تونسوی صاحب کی تسلی نہ ہوئی تو پھر ہم یوں عرض کریں گے کہ فقہ حنفیہ کا بانی نعمان (ابوحنیفہ) امام اعظم ۸۰ھ میں پیدا ہوا اور ۱۵۰ھ میں وفات پائی۔ لہٰذا فقہ حنفیہ کو نہ ہی رسول اللہ نے دیکھا اور نہ ہی اس پر عمل کرنے کا حکم دیا۔ پس فقہ نعمان جھوٹ کا پلندہ ہے اور جس طرح فقہ نعمان کو اہلسنت کے دوسرے مذہب تسلیم نہیں کرتے اسی طرح ہم شیعان حیدر کرار بھی فقہ حنفیہ کو



نہیں مانتے۔

۷۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے ص۱۲ میں یہ چالاکی بھی کی ہے کہ مدینہ طیبہ میں آنحضرت کے مبارک دور سے فقہ اہلسنت ہی چل رہی ہے اور امام جعفر صادقؑ نماز، روزہ، عبادات و معاملات تمام امور زندگی میں اسی پر عمل پیرا بھی رہے ہیں۔

## جواب۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ ـــ عبدالستار تونسوی صاحب جھوٹ بولنے کے تمام بارڈر کراس کر گئے ہیں۔ کیونکہ اہلسنت کی کتاب الفقہ علی مذاہب الاربع کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ نعمان صاحب ۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۵۰ھ میں مر گئے اور امام مالک ۹۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۷۹ھ میں مر گئے اور امام شافعی ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ میں مر گئے اور امام احمد حنبل ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۴۱ھ میں مر گئے۔ پس نبی کریم کے مدینہ طیبہ میں آنے کے بعد ۸۰ھ تک اہلسنت کے کسی امام کا دنیا میں وجود ہی نہیں تھا لہٰذا ان کی چاروں فقہ کو نہ ہی نبی کریم نے دیکھا ہے اور نہ ہی ان پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ پس یہ غلط ہیں۔

ہم تونسوی صاحب کو چیلنج کرتے ہیں کہ وہ اس بات پر ہم سے مناظرہ کر لیں اور یہ ثابت کریں کہ اہل مدینہ رسول اللہ کے مبارک دور سے حنفیوں کی فقہ پر عمل پیرا تھے۔

کتاب تتمۃ المنتہیٰ ص۳۳۶ میں لکھا ہے کہ عباسی خلیفہ ابوالعباس احمد قادر باللہ جس کا سن وفات ۴۲۲ھ ہے اس زمانہ میں اہل اسلام کا اختلاف

۱۔ فرد علی! کیا تماشا ہو گیا تھا کہ اسلام ایک مذاق بن گیا۔ پس قاہر باللہ نے دانشوروں کی ایک میٹنگ بلائی اور اختلاف کی روک تھام کے لئے یہ طے کر دیا کہ تمام مذاہب کے رؤسا کو جمع کیا جائے اور انہیں ایک ایک لاکھ درہم بیت المال میں جمع کرانے کا حکم دیا جائے تاکہ ان کا مذہب سرکاری طور پر تسلیم کر لیا جائے حنفی۔ مالکی۔ شافعی۔ اور حنبلی لوگوں نے ایک ایک لاکھ درہم دے کر اپنے اپنے مذہب کو رجسٹرڈ کروا لیا۔ اس زمانے میں شیعوں کے بڑے عالم اور رئیس علی ابن الحسین سید مرتضیٰ علم الہدیٰ تھے۔ انہوں نے ۸۰ ہزار درہم دینے کی پیشکش کی تھی لیکن حکومت کی مطلوبہ رقم پوری نہ ہونے کی وجہ سے فقہ جعفریہ کو سرکاری طور پر تسلیم نہ کیا گیا۔

**خلاصہ**

تونسوی صاحب عوام کو چکر نہ دیں شیعہ اسلام کے مخالف نہیں ہیں بلکہ فقہ نعمان کے مخالف ہیں۔ شیعوں کے تین امام رسول اللہ کے زمانے میں موجود تھے۔

۱۔ حضرت علیؑ ۲۔ حضرت امام حسنؑ ۳۔ حضرت امام حسینؑ

اور ان تینوں کی پرورش رسول اللہ نے کی۔ ان کے خون اور گوشت کو نبیؐ نے اپنا خون اور گوشت فرمایا۔ ان کی اطاعت کو اپنی اطاعت اور ان کی نافرمانی کو اپنی نافرمانی۔ ان کی محبت کو ایمان اور ان کے بغض کو نفاق سے تعبیر فرمایا۔ اور فقہ حنفیہ کے بانی نعمان صاحب تو نبی کریم سے تقریباً ستر سال بعد پیدا ہوئے ہیں۔ اہل سنت کی کتاب شذرات الذہب صفحہ ۲۲ جلد ۲ میں لکھا ہے ——



**نعمان له دار كبير لعمل الخز وعنده صناع**

کہ نعمان صاحب کا ایک بہت بڑا گھر تھا اور اس گھر میں نعمان کا کھڈی کا بہت بڑا کاروبار تھا

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت نعمان بہت بڑے جولاہے تھے۔ پس کجا ایک بہت بڑا جولاہا اور کجا دین اسلام۔ جولاہا مسلمان تو ہو سکتا ہے لیکن امت محمدی کا امام نہیں ہو سکتا۔ چونکہ نعمان صاحب جولاہے تھے لہذا چار حرف پڑھنے کے بعد ایسے بے تکے فتوے دیئے کہ شرم سے تمام عالم اسلام کی گردن جھک گئی۔ یہ فتویٰ نعمان کا ہی فقہ اکبر میں ہے کہ ووالداہ رسول اللہ ماتا علی الکفر کہ نبی کریم کے والدین (معاذ اللہ) کفر کی حالت میں مرے ہیں۔

پس ہم ایسے بے ادب امام کی فقہ نہیں مانتے۔ طبقات الشافعیہ میں لکھا ہوا ہے کہ کوئی ہاشمی حضرت علیؑ پر کسی غیر کو ترجیح نہ دے گا اور آنجناب سے اس کو افضل نہ سمجھے گا۔ اور ہم بھی یہی عرض کرتے ہیں پاکستان کا کوئی سید امام اعظم (جولاہے) کو امام جعفر صادق علیہ السلام (جو کہ نبی کریم کے فرزند ہیں) پر ترجیح نہیں دے گا۔

۸۔ تونسوی صاحب نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۱۲ میں یہ چال بھی چلی ہے کہ امام جعفر صادقؑ کی وہی فقہ ہے جو انہوں نے اپنے شاگردان رشید ابو حنیفہ، مالک اور دیگر اکابر اہلسنت کو تعلیم فرمائی تھی۔ پس یہی فقہ حنفیہ حقیقت میں فقہ جعفریہ ہے۔

**جواب۔**

تونسوی صاحب! کیا آپ کا ذہنی توازن تو خراب نہیں ہو گیا! اگر امام

جعفر صادقؑ آپ کے تمام بزرگوں کے استاد ہیں تو کیا وجہ ہے کہ اہلسنت کے امام بخاری اور مسلم نے اپنی حدیث کی کتابوں میں ان سے حدیث کیوں نہیں لی یا آپ کی فقہ کی کتابوں میں امام جعفر صادقؑ کے فرامین کیوں مذکور نہیں اور اس فقہ حنفیہ کو فقہ جعفریہ کا نام کیوں نہیں دیا جاتا۔ فقہ حنفیہ کو فقہ جعفریہ کہنا یہ چودھویں صدی میں آپ کا ڈھکوسلا اور سفید جھوٹ ہے لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔

۹۔ تونسوی صاحب نے اپنے رسالہ کے صد۳ میں اس فریب سے بھی کام لیا ہے کہ شیعہ کی کتب حدیث یا کتب فقہ نہ ہی امام جعفر صادقؑ نے خود تحریر فرمائی ہیں اور نہ ہی اپنے شاگردوں کو لکھوائی ہیں پس شیعہ اپنی فقہ کو فقہ جعفریہ کیسے کہہ سکتے ہیں۔

جواب۔

تونسوی صاحب! نبی اور امام خود کتابیں نہیں لکھتے اور نہ ہی کسی کو پاس بٹھا کر لکھواتے ہیں بلکہ لوگ انبیاء اور آئمہ کے ارشادات سنتے ہیں اور پھر عامۃ الناس خود ہی انہیں لکھتے ہیں اور وہ فرامین حدیث کہلاتے ہیں اور ان سے جو احکام سمجھے جاتے ہیں وہ احکام فقہیہ کہلاتے ہیں اور آپ کی الٹی منطق نے تو اہلسنت کے تمام مذہب کا جنازہ نکال دیا ہے کیونکہ آپ کی کتب احادیث یا کتب فقہ نہ تو رسول اللہ نے لکھی اور نہ لکھوائی ہیں۔ لہذا معلوم ہوا کہ اہلسنت کی تمام کتابیں جھوٹ کا پلندہ ہیں اور اہلسنت کے کسی مذہب کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے مذہب کو نبی کریمؐ یا کسی صحابی کی طرف منسوب کر سکے۔

اگر تسلی نہیں ہوئی تو مزید سنیئے۔



آپ کے مذہب کی پہلی مایۂ ناز کتاب موطأ ہے جسے آپ کے امام مالک نے تحریر کیا ہے۔ مالک ۹۳ھ میں پیدا ہوا تھا اور ۱۷۹ھ میں مرگیا تھا۔ پس یہ کتاب رسول کریمؐ کے تقریباً سو سال بعد لکھی گئی ہے جس وقت کہ تمام صحابی بھی مر گئے تھے پس یہ کتاب جھوٹ کا پلندہ ہے۔

آپ کی دوسری مایۂ ناز کتاب صحیح بخاری ہے جسے محمد بن اسماعیلؒ نے لکھا ہے اور یہ ۱۹۴ھ میں پیدا ہوا ہے اور ۲۵۶ھ میں وفات پائی ہے۔ لہذا یہ کتاب نبی کریمؐ کے تقریباً دو سو سال بعد لکھی گئی ہے۔ پس بخاری شریف بھی جھوٹ کا پلندہ ہے کیونکہ اس کے صحیح ہونے کی نہ ہی نبی کریمؐ نے اور نہ ہی کسی اور صحابی نے تصدیق کی ہے۔

آپ کی تیسری مایۂ ناز کتاب صحیح مسلم ہے جسے مسلم بن حجاج نے تحریر کیا ہے یہ ۲۰۴ھ میں پیدا ہوئے ہیں اور ۲۶۱ھ میں وفات پائی ہے پس یہ کتاب بھی نبی کریمؐ کے تقریباً دو سو پچاس برس بعد لکھی گئی ہے پس یہ بھی جھوٹ کا پلندہ ہے۔

آپ کی چوتھی مایۂ ناز کتاب سنن ابی داؤد ہے جسے سلیمان بن اشعث نے لکھا ہے۔ یہ ۲۰۲ھ میں پیدا ہوئے ہیں اور ۲۷۵ھ میں وفات پائی ہے پس یہ کتاب بھی نبی کریم سے تقریباً دو سو پچیس برس کے بعد لکھی گئی ہے لہذا یہ کتاب بھی جھوٹ کا پلندہ ہے۔

تونسوی صاحب! ہماری طرف سے آپ کو چیلنج ہے کہ آپ ثابت کریں کہ آپ کی کوئی کتاب خواہ حدیث کی ہو خواہ فقہ کی ہو نبی کریمؐ کے زمانے میں یا

خلفاکے زمانے میں تحریر کی گئی ہو۔ عبدالملک کے زمانے سے پہلے جو کہ ۳۲ھ میں خلیفہ بنا ہے۔ آپ ثابت نہیں کر سکتے کہ آپ کے مذہب کا کوئی ٹوٹا پھوٹا رسالہ بھی حدیث میں تحریر ہوا ہو بلکہ آپ کے مایۂ ناز خلیفے ابوبکر و عمر حدیث لکھنے کے سخت مخالف تھے۔ اور انہوں نے لکھی ہوئی حدیثوں کو اسی طرح جلایا ہے جیسے کہ آپ کے عثمان صاحب نے قرآن پاک جلایا ہے

تونسوی اور ملک صاحب نے اپنے رسالوں میں دل کی بھڑاس یوں بھی نکالی ہے کہ شیعہ مذہب کی کتب احادیث کے راوی جھوٹے ہیں پس فقہ جعفریہ جھوٹ کا پلندہ ہے

## جواب۔

مثل مشہور ہے کہ چھاج کو چھلنی کیا طعنہ دے گی جبکہ خود اس میں بے شمار چھید ہیں۔ ہم بھی یہی عرض کرتے ہیں کہ اہلسنت کی کتب احادیث کے راوی جھوٹے ہیں پس فقہ حنفیہ بھی جھوٹ کا پلندہ ہے۔ بلکہ راوی کی شان اور ہے اور خلیفے اور امام کی شان اور ہے۔ اور اہلسنت کے امام اور خلیفے بھی قابل اعتبار نہیں ہیں۔ نمونہ کے طور پر ہم بعض کا تذکرہ کرتے ہیں۔

۱۔ اہل سنت کا پہلا مایۂ ناز خلیفہ اور راوی ابوبکر ہے۔ بخاری شریف کتاب الخمس گواہ ہے کہ اس نے نبی کریم کی بیٹی کا حق غصب کر کے رسول اللہ کو اذیت دی ہے اور جس نے نبی کو اذیت دی ہے اس پر قرآن پاک میں لعنت کا ذکر ملتا ہے۔ نیز ادب المفرد کتاب الدعا میں حضورؐ نے فرمایا۔ یا ابا بکر الشرک فیکم اخفی من دبیب النمل۔ کہ شرک تم میں چیونٹی کی چال سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے۔ نیز موطا امام مالک کتاب الجہاد میں ہے کہ حضورؐ نے ابوبکر کے بارے میں فرمایا۔ ما ادری ما تحدثون بعدی کہ نامعلوم آپ میرے بعد کیا کیا بدعات کریں گے۔ نیز مسلم شریف کتاب الفئی میں ہے کہ حضرت عمر نے اقرار کیا ہے کہ جناب امیر اور جناب عباس ابن عبدالمطلب ابوبکر کو کاذبا۔ اثما۔ خائنا۔ غادرا۔ جھوٹا۔ گنہگار۔ خیانت کار اور دغا باز جانتے تھے۔ فقہ حنفیہ کے مایۂ ناز راوی ابوبکر کے بھی وارے وارے جاؤں۔ کیا شان ہے راوی کی۔ اگر مذکورہ صفات والے [illegible] خلفا کی لسٹ میں گنجائش نکل سکتی ہے تو حنفیوں کو ہی [illegible] حضرت فداء کیوں [illegible] ہے۔

۲۔ اہلسنت کا دوسرا مایۂ ناز خلیفہ اور راوی [illegible] فاروق ہے۔ مسلم شریف باب ترک الوصیۃ میں ہے کہ عمر صاحب نے نبی پاک کے بارے میں کہا تھا کہ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ نبی پاک کو ہذیان ہو گیا ہے (یعنی وہ بک رہا ہے) یہ عمر صاحب قاتل اولاد نبی اور حدیبیہ میں نبوت پر شک کرنے والا ہے۔ خیبر اور احد میں جہاد سے بھی بھاگنے والا ہے۔ اس خلافت کے بھی وارے وارے جاؤں جس میں مایۂ ناز خلیفہ عمر ہے اور اس فقہ کے بھی قربان جاؤں جس کی حدیثوں کا راوی عمر صاحب ہے۔

کتاب الملل والنحل جلد اول ذکر بارہ اختلاف میں لکھا ہے کہ حضور پاک نے بوقت موت فرمایا تھا۔ لعن اللہ من تخلف عن جیش اسامہ کہ جو لشکر اسامہ کے ساتھ نہ جائے اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ابوبکر اور عمر بھی اس لشکر میں تھے اور ساتھ نہیں گئے تھے۔ بلکہ واپس آگئے تھے۔

فقہ حنفیہ والے ! جن لوگوں پر نبی لعنت فرمائے وہ فقہ حنفیہ والے حنفیے بھی ہیں راوی اور امام بھی ہیں۔ چشم بد دور (نشا لا نظر نہ لگے)
انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ فقہ حنفیہ والے ایسے راویوں کو چھوڑ دیں جن پر امام نے لعنت فرمائی ہو اور فقہ حنفیہ والے ایسے خلیفوں کو چھوڑ دیں جن پہ نبی نے لعنت فرمائی ہے۔ اور پھر حساب کر کے دیکھیں کہ گھاٹے میں کون ہے۔

۳۔ اہلسنت کے ایک اور مایۂ ناز خلیفہ اور راوی عثمان صاحب بھی ہیں بخاری شریف باب جمع القرآن میں لکھا ہے کہ اس نعثل نے قرآن جلا دئیے تھے اور اسی خدمت دین کے صلے میں اصحاب نبی نے اسے قتل کر دیا تھا اور بی بی عائشہ نے بھی اس کے قتل کا حکم دیا تھا۔

۴۔ اہلسنت کی حدیثوں کی ایک اور مایۂ ناز راویہ بی بی عائشہ بھی ہے۔
کتاب اضواء علی السنۃ المحمدیہ صفحہ ۲۰۴ میں لکھا ہے کہ ابوہریرہ نے بی بی عائشہ سے کہا تھا شغلك عنه المراۃ والمكحلۃ کہ شیشے اور سرمے کی کارروائی نے نبی کی حدیثیں یاد کرنے سے آپ کو باز رکھا ہے۔
سبحان اللہ کیا شان بیان کی ہے ابوہریرہ نے بی بی عائشہ کی معلوم ہوا کہ حنفیوں نے خذوا شطر دینکم عن هذه الحميراء کہ آدھا دین حمیرا سے لو۔ یہ ایک ڈھکوسلا بنایا ہے۔ کیونکہ بی بی عائشہ کو بار سنگار اور میک اپ سے فرصت ہی کہاں ملتی تھی۔ جواب کیسے کتے بھی اسی بی بی کو ہی بھونکے تھے اور عثمان صاحب کے قتل کا فتوے صادر فرمایا کر



انہیں بھی اسی نے تو ذبح کروایا ہے۔

۵۔ اہلسنت کی فقہ کا ایک اور مایۂ ناز راوی طلحہ بھی ہے۔ تفسیر فتح القدیر سورہ احزاب میں لکھا ہے کہ اسی طلحہ نے آرزو کی تھی کہ نبی مر گئے تو میں بی بی عائشہ سے نکاح کروں گا۔ ماں سے نکاح کرنے والا راوی فقہ نعمان کو مبارک ہو۔

۶۔ اہلسنت کی احادیث کا ایک راوی عبداللہ بن مسعود بھی ہے۔
تفسیر اتقان میں لکھا ہے کہ یہ قرآن پاک کی آخری دو سورتوں کا منکر تھا۔ پس قرآن پاک کا منکر راوی فقہ نعمان کو ہی مبارک رہے

۷۔ فقہ حنفیہ کا ایک اور مایۂ ناز راوی عبداللہ بن عباس بھی ہے۔
مروج الذہب ذکر عبداللہ بن زبیر میں لکھا ہے کہ ابن عباس متعہ کو جائز جانتا تھا اور حنفی لوگ متعہ کو زنا سمجھتے ہیں پس زنا کو جائز جاننے والا راوی فقہ نعمان کو مبارک ہو۔

۸۔ فقہ حنفیہ کا ایک اور مایۂ ناز راوی عبداللہ بن زبیر بھی ہے۔
الامامت والسیاست، ذکر جمل میں لکھا ہے کہ حواب کے مقام پر جھوٹی گواہی اسی نے دلوائی تھی۔ پس یہ جھوٹ کا بیوپاری راوی سنی بھائیوں کو مبارک ہو۔

۹۔ اہلسنت کا ایک اور مایۂ ناز راوی ابوہریرہ بھی ہے۔
کتاب اضواء علی السنۃ المحمدیہ ذکر ابوہریرہ میں لکھا ہے کہ اسے ابوبکر و عمر و عثمان اور حضرت علی علیہ السلام جھوٹا سمجھتے تھے اور ایک مرتبہ حضرت عمر نے جھوٹی حدیثیں بیان کرنے کی بابت اس کی ٹھکائی بھی کی تھی۔ چار یاروں کی نظر میں کذاب راوی فقہ نعمان کو مبارک ہو۔

۱۰۔ اہلسنت کا ایک مایۂ ناز راوی انس بن مالک بھی ہے۔
کتاب اضواء علی السنۃ المحمدیہ ذکر ابوہریرہ میں لکھا ہے کہ نعمان صاحب انس بن مالک کو جھوٹا سمجھتے تھے۔ حنفی بھائیو! مبارک مبارک۔

۱۱۔ اہلسنت کی فقہ کا ایک راوی عمرو بن عاص بھی ہے۔
تذکرہ خواص الامہ میں لکھا ہے کہ اس کے پیدا ہونے کے بعد چار آدمیوں نے دعوے کیا تھا کہ یہ ہمارا نطفہ ہے پس ایسا پاکیزہ نسب راوی فقہ نعمان والوں کو مبارک ہو۔

۱۲۔ اہلسنت کا ایک مایہ ناز راوی ابوموسیٰ اشعری بھی ہے۔
کتاب الاستیعاب ذکر ابوموسیٰ اشعری اور عبداللہ بن قیس بن سلیم میں ہے کہ یہ حضرت علیؑ سے بغض رکھتا تھا۔ پس دشمن علیؑ راوی فقہ نعمان کو مبارک ہو۔

۱۳۔ سنی بھائیوں کا ایک راوی عبداللہ بن عمرؓ بھی ہے۔
بخاری شریف کتاب الفتن میں لکھا ہے کہ اسی عبداللہ نے یزید کی بیعت کی تھی۔ پس یزید ملعون کی بیعت کرنے والا راوی فقہ حنفیہ کو مبارک ہو۔
اگر ضرورت پڑی تو ہم طبقہ ثانی کے رواۃ مثلاً مجاہد، عکرمہ، حسن بصری، عطا ابن رباح وغیرہ کے بھی پول کھولیں گے۔

---



# ابوحنیفہ، نعمان، امام اعظم کی پوزیشن

مجدالدین فیروزآبادی صاحب قاموس نے نعمان کو کافر لکھا ہے۔ اور نیز ابن جوزی نے اپنی کتاب المنتظم میں نعمان کی مذمت کی ہے۔ امام غزالی نے بھی ایک کتاب المنخول نامی نعمان کی مذمت میں تحریر کی ہے اور خطیب بغدادی نے تو تاریخ بغداد میں حد ہی کر دی ہے۔ ہم صرف تاریخ بغداد جیسی اہلسنت کی معتبر کتاب سے اہلسنت کے معتبر امام اعظم نعمان کی مذمت نقل کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔ اور اگر ہمارے حنفی بھائیوں کی تسلی نہ ہوئی تو پھر ایک مستقل کتاب نعمان پر لکھیں گے۔

# بانیٔ فقہ حنفیہ امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت الکوفی کی شان کتب اہل سنت کی روشنی میں

## دین اسلام کو سب سے زیادہ نقصان ابوحنیفہ نے پہنچایا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔
اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ بغداد جلد ۱۳ صفحہ ۳۹۶ ذکر نعمان
مؤلفہ، حافظ ابی بکر احمد بن علی الخطیب البغدادی
عن اسحاق بن ابراہیم الحنینی قال قال مالک

ما ولد فی الاسلام مولود اضر علی اھل الاسلام من ابی حنیفہ

ترجمہ۔ اسحٰق بن ابراہیم کہتا ہے کہ حضرت مالک فرماتے تھے کہ کوئی بچہ اسلام میں ایسا نہیں پیدا ہوا کہ جس نے ابو حنیفہ سے زیادہ اسلام کو نقصان پہنچایا ہو۔

نوٹ۔ مناظر اہلسنت عبدالستار تونسوی کو مبارک ہو۔ علامہ صاحب آپ کے عقیدہ میں سنیوں کے چاروں امام برحق ہیں۔ پس آپ کے امام مالک کی زبانی آپ کے امام اعظم کی مذمت بھی برحق ہے۔

## ابو حنیفہ کا فتنہ ابلیس کے فتنہ سے سخت ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۱۹۶

عن مالک بن انس قال کانت فتنۃ ابی حنیفہ اضر علی ھذہ الامۃ من فتنۃ ابلیس

ترجمہ۔ مالک بن انس فرماتے ہیں کہ ابو حنیفہ کا فتنہ اس امت کے لئے ابلیس کے فتنہ سے زیادہ نقصان دہ تھا۔

نوٹ۔ اہل سنت کے مناظر اعظم !! ملاحظہ فرمایا آپ نے کہ آپ کے امام صاحب کی آپ کے بزرگوں نے کیا تعریف کی ہے۔



## ابو حنیفہ کا فتنہ دجال کے فتنہ سے بڑا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۱۹۶

عن عبدالرحمٰن بن مھدی یقول ما اعلم فی الاسلام فتنۃ بعد فتنۃ الدجال اعظم من رای ابی حنیفہ۔

ترجمہ۔ عبدالرحمان کہتا ہے کہ مجھے معلوم نہیں کہ اسلام میں دجال کے فتنہ کے بعد ابو حنیفہ کی رائے سے کوئی بڑا فتنہ ہو۔

نوٹ۔ تونسوی صاحب مبارک ہو۔ یہ ہیں آپ کے مایہ ناز امام جن کی فقہ حنفیہ آپ بیچارے پاکستانی مسلمانوں پر ٹھونسنا چاہتے ہیں۔

## ابو حنیفہ نے اسلامی مشین کے پیچ ڈھیلے کئے ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۳۹۸

اہل سنت کی کتاب تاریخ صغیر ص ۱۷۱

عن سفیان ثوری اذ جاءہ نعی ابی حنیفہ فقال الحمد للہ الذی اراح المسلمین منہ لقد کان ینقض عری الاسلام عروۃ عروۃ ما ولد فی الاسلام

4123

هولود اشأم على اهل الاسلام منه

ترجمہ۔ سفیان ثوری کو جب ابوحنیفہ کی موت کی خبر پہنچی تو اس نے شکر خدا کیا اور کہا کہ ابوحنیفہ اسلام کی رسی کے پیچ و خم بیچ کرتا تھا اور اسلام میں ابوحنیفہ سے زیادہ بدبخت کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا

نوٹ۔ تونسوی صاحب مبارک ہو سے

گر قبول افتد زہے عز و شرف

## نبی پاک نے ابوحنیفہ کے فتوؤں پر عمل کرنے سے منع کیا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہل سنت کی کتاب تاریخ بغداد صفحہ ۴۲۴ ج ۱۳

محمد بن حماد یقول رأیت النبیؐ فی المنام فقلت یا رسول اللہ ما تقول فی النظر فی کلام ابی حنیفة واصحابہ انظر فیها واعمل علیها قال لا۔ لا۔ لا

ترجمہ۔ محمد بن حماد کہتا ہے کہ میں نے خواب میں رسول اللہ کو دیکھا اور عرض کی کہ حضورؐ ابوحنیفہ کے مسئلوں پر کیا عمل کرنا جائز ہے۔ حضورؐ نے تین مرتبہ فرمایا۔ نہیں۔ نہیں۔ نہیں۔



## ابوحنیفہ کی کتاب الحیل کی شان

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد صفحہ ۴۰۵ ج ۱۳

ابن مبارک کہتا ہے کہ جو شخص ابوحنیفہ کی کتاب الحیل پڑھ لے تو حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر سکتا ہے۔

مولوی ابن مبارک کہتا ہے۔ ما ادری وضع کتاب الحیل الا شیطان کہ کتاب الحیل کسی شیطان نے بنائی ہے۔

ابن مبارک کہتا ہے کہ جس نے کتاب الحیل بنائی ہے وہ ابلیس سے زیادہ شریر ہے اور جو شخص کتاب الحیل کو پڑھے اس کی عورت کو طلاق ہو جائے گی۔

نوٹ۔ تونسوی صاحب دیکھا کہ آپ کے امام کی مایۂ ناز تصنیف کی آپ کے بزرگوں نے کیسی مٹی پلید کی ہے۔ کیا اسی امام کی فقہ پر ناز کرتے ہو۔ وارے وارے جاواں۔

## ابوحنیفہ کی بیٹھک میں نبیؐ پر درود نہیں پڑھا جاتا تھا

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد صفحہ ۴۵۲ ج ۱۳

ابن مبارک کہتا ہے وہ مجلس کہ جس میں نبیؐ پر کبھی درود نہیں پڑھا گیا وہ مجلس ابوحنیفہ کی تھی۔

ابو قیس ابن ربیع کہتا ہے کہ ابوحنیفہ اجہل الناس تھا۔

## حق ابوحنیفہ کے فتویٰ کی مخالفت میں ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص۴۰۷ ج۱۳

عمر بن قیس کہتا ہے جس نے حق ڈھونڈنا ہو وہ کوفہ میں آئے۔ ابوحنیفہ کا فتویٰ معلوم کر کے اس کی مخالفت کرے

اور اسی کتاب کے ص۴۰۹ ج۱۳ میں لکھا ہے کہ ابوبکر بن عیاش کہتا ہے سود اللہ وجہ ابی حنیفہ کہ خدا ابوحنیفہ کے چہرے کو سیاہ کرے

نیز اسی صفحہ میں لکھا ہے کہ اسود بن سالم کہتا ہے کہ ابوحنیفہ کا نام لینا مسجد میں جرم ہے۔

نیز ص۴۱۰ پر لکھا ہے کہ سفیان ثوری کہتا ہے کہ ابوحنیفہ ضال اور مُضِل تھا۔ یعنی وہ خود گمراہ تھا اور دوسروں کو گمراہ کرتا تھا۔

نیز ہارون بن یزید کہتا ہے کہ ابوحنیفہ کے پیروکار نصاریٰ کے مشابہ ہیں۔

نیز امام شافعی کہتا ہے میں نے ابوحنیفہ کے پیروکاروں کی ایک کتاب دیکھی جس میں ۱۳۰ ورق تھے۔ اس میں سے ۸۰ قرآن وسنت کے خلاف تھے



نوٹ۔ مناظر اعظم تونسوی صاحب! دیکھا اپنے مایۂ ناز امام کی تعریف اسے غور سے پڑھنا انشاء اللہ چمن خاطر میں بہار آجائے گی۔

## ابوبکر کی گواہی کہ ابوحنیفہ نے دین محمدؐ کو بدل دیا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص۴۱۳ ج۱۳

محمد بن عامر الطائی بیان کرتا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ دمشق سے دو بوڑھے نکلے ہیں۔ ایک نے دوسرے کے بارے میں کہا کہ تو نے دین محمدؐ کو بدل دیا ہے۔ میں نے کسی سے پوچھا کہ یہ کون ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ یہ ابوبکر ہے اور دوسرا دین کو بدلنے والا ابوحنیفہ ہے۔

نیز اسی صفحہ میں لکھا ہے۔ کہ ابن ابی شیبہ کہتا ہے کہ ابوحنیفہ یہودی ہے۔ نیز اسی صفحہ میں ہے۔ علی بن جریر نے ابن مبارک کو بتایا کہ کوفہ میں ایسے لوگ رہتے ہیں جو ابوحنیفہ کو نبی سے زیادہ عالم جانتے ہیں۔

نیز صفحہ ۴۱۴ میں لکھا ہے کہ امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ سفیان ثوری کہتا تھا کہ ابوحنیفہ نہ قابل اعتماد تھا اور نہ دیانتدار تھا۔

نیز ص۴۱۸ میں لکھا ہے کہ خود امام احمد بن حنبل فرماتے تھے کان ابوحنیفہ یکذب کہ ابوحنیفہ جھوٹ بولتا تھا۔

اور صفحہ ۴۲۰ پر لکھا ہے کہ عمرو بن علی ابو حفص کہتا ہے کہ ابوحنیفہ حافظ حدیث نہیں تھا۔

اور صفحہ ۴۲۲ میں لکھا ہے کہ احمد بن شعیب نسائی کہتا ہے کہ ابو حنیفہ نعمان بن ثابت کوئی حدیث میں معتبر نہیں ہے۔

نوٹ: مناظر اعظم تونسوی صاحب! شیعوں کو چھیڑنے سے پہلے اپنے مذہب کی کتاب تاریخ بغداد کی تیرھویں جلد میں اپنے امام اعظم کی شان ملاحظہ کر لیتے تو آپ کے لئے بہتر تھا۔

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریاد یوں کرتے
نہ کھلتے راز سربستہ نہ یوں رسوائیاں ہوتیں

# ابو حنیفہ کے جنازہ پر عیسائیوں کے پادری

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ بغداد صہ ۴۲۲

بشیر ابن ابی ازہر نیشاپوری کہتا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک جنازہ رکھا ہے اور اس پر سیاہ چادر ہے اور اس کے ارد گرد عیسائیوں کے پادری تشریف فرما ہیں میں نے پوچھا کہ یہ جنازہ کس کا ہے۔ بتایا گیا کہ ابو حنیفہ کی میت ہے۔ میں نے یہ خواب ابو یوسف کو سنایا۔ اس نے کہا بھیا برائے مہربانی کسی اور کو نہ سنانا۔

# ابو حنیفہ کا دعویٰ کہ اگر نبی کریم زندہ ہوتے تو میری پیروی کرتے

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد صہ ۴۰۹ ج ۱۳



قال ابو حنیفہ لو ادرکنی النبیؐ وادرکتہٗ لاخذ بکثیر من قولی

ترجمہ۔ ابو حنیفہ کہتا تھا کہ اگر میں اور نبی کریم ایک زمانے میں جمع ہوتے تو بہت سے مسئلوں میں حضورؐ میرے فتوے کو لیتے۔

نوٹ۔ مناظر اعظم تونسوی صاحب! دیکھا آپ نے کہ آپ کے امام نے وہ دعویٰ کیا ہے جو مرزائیوں کے نبی میرزا غلام احمد قادیانی نے بھی نہیں کیا تھا۔ گویا ابو حنیفہ مرزا صاحب سے بھی چار قدم آگے بڑھ گئے ہیں۔

# ابو حنیفہ کے نزدیک مومن کی شان

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد صہ ۳۷۴ ج ۱۳

سفیان ثوری اور شریک اور حسن بن صالح اور ابن ابی لیلےٰ نے مل کر کسی آدمی کو اس مسئلہ کی خاطر ابو حنیفہ کے پاس بھیجا کہ

ما تقول فی رجل قتل اباہ ونکح امہٗ وشرب الخمر فی راس ابیہ فقال مومنٌ۔

کہ اس مرد کے بارے میں تیرا کیا فتوےٰ ہے جو اپنے باپ کو قتل کرے اور اپنی ماں سے نکاح کرے۔ اور اپنے باپ کی کھوپڑی میں شراب پیئے۔ ابو حنیفہ نے کہا میرے نزدیک وہ مومن ہے

نوٹ۔ تونسوی صاحب! آپ نے حقیقت فقہ جعفریہ پر رسالہ لکھ کر اپنے حنفی بھائیوں کی رسوائی کا سامان مہیا کیا ہے۔ اب اس امام کی فقہ کے پیروکار

ہیں جن کے نزدیک ماں سے زنا کرنے والا بھی مومن ہے۔ فقہ حنفیہ بلے بلے جس میں باپ کا قاتل بھی مومن اور اس کے سر کی کھوپڑی میں شراب پینے والا بھی مومن ہے۔ ایسی رذیل فقہ سے ہماری توبزار توبہ!

## ابو حنیفہ کے نزدیک جوتے کی پوجا

ثبوت ملاحظہ ہو

اہل سنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۳۷۲ ج ۱۳

یحییٰ ابن حمزہ کہتا ہے کہ میں نے ابو حنیفہ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ اگر کوئی مرد خدا کی خاطر کسی جوتے کو پوجے تو کوئی گناہ نہیں ہے۔

نوٹ۔ مناظر اعظم تونسوی صاحب! ایسے امام کی فقہ آپ کو مبارک!

## ابو حنیفہ نعمان بن ثابت امام اعظم کا ابوبکر کے ایمان کے بارے میں فتویٰ

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۳۷۳ ج ۱۳

ابا اسحاق الفزاری یقول سمعت ابا حنیفہ یقول ایمان ابو بکر الصدیق و ایمان ابلیس واحد

ترجمہ ابا اسحاق کہتا ہے میں نے ابو حنیفہ سے سنا تھا کہ وہ کہتا



تھا کہ ابوبکر صدیق کا ایمان اور ابلیس کا ایمان ایک ہے۔

نوٹ۔ اہل سنت کے مناظر اعظم تونسوی صاحب! آپ نے فقہ جعفریہ کی مذمت میں رسالہ لکھ کر تمام اہلسنت کو شرمندہ کرنے کا سامان مہیا کیا ہے۔ آپ نے حقیقت فقہ جعفریہ کی مذمت میں رسالہ لکھ کر غریب شیعوں کی غیرت کو للکارا ہے۔ شیعہ بے غیرت نہ تھے کہ چپ بیٹھے رہتے۔ پس ہم نے دفاعی کاروائی کی خاطر قلم اٹھایا ہے اور آپ کی فقہ اور آپ کے اماموں کے کچھ پول کھول دیئے ہیں اور آئندہ کے لئے انتظار کریں۔

علامہ صاحب دراصل آپ کو جو درد زہ شروع ہوا ہے وہ مرتے دم تک آپ کے ساتھ رہے گا اور آپ کی کھجلی کے لئے کسی افلح کی ضرورت ہے۔ آپ نے خواہ مخواہ ملک میں فتنہ و فساد برپا کیا ہے ورنہ شیعہ سنی علماء نے باہم یہ طے کیا تھا کہ یہ دونوں مذہب اپنی اپنی فقہ پر عمل کرنے میں آزاد ہوں گے لیکن آپ جیسے شرپسند عناصر نے دونوں مذہبوں کو آپس میں لڑانا خدمت دین اسلام سمجھ رکھا ہے۔ افسوس ہے تمہاری ناکام کوششوں پر۔

آپ نے اپنے رسالہ میں شیعہ راویوں پر تنقید کر کے یہ سوچا کہ بس ہم نے شیعوں کو تحقیق کی چکی میں پیس ڈالا ہے لیکن ہم نے آپ کے مایۂ ناز امام اعظم نعمان بن ثابت کوفی کے وہ پول کھول دیئے ہیں کہ اگر آپ میں کچھ بھی شرم و حیا ہو تو ڈوب کر مر جائیں۔ اگر ہمت ہے تو آئیے میدان تحریر میں اور ابو حنیفہ کی صفائی پیش کریں۔ لیکن آپ کیا صفائی پیش کریں گے۔

حق ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہی

# امام اعظم کا چالیس سالہ وضو

اہلسنت کی کتاب البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ صفحہ ۱۰۷ میں لکھا ہے۔

ابو حنیفہ مکث اربعین سنۃ یصلی الصبح بوضوء العشاء

کہ امام اعظم چالیس برس تک صبح کی نماز عشاء کے وضو سے پڑھتے رہے تھے۔ کیا بات ہے واللہ

اس چالیس سال کے عرصہ میں امام صاحب کی اولاد کیسے پیدا ہوئی۔ یا اس عرصہ میں جو اولاد ہوئی ہے وہ دوپہر کے وقت کی کاشت کاری اور تخم ریزی ہے۔ یہ واقعہ تاریخ خمیس صفحہ ۲۲۷ ج ۲ میں بھی لکھا ہے۔

نیز تاریخ خمیس صفحہ ۲۲۷ ج ۲ میں یہ بھی لکھا ہے کہ ابو حنیفہ نے خواب میں کئی مرتبہ رسول اللہ کی قبر کو کھودنے کی ناکام کوشش کی ہے اور نعمان کے چچوں نے اس کی یہ تعبیر فرمائی کہ آپ دولت علم سے مالا مال ہوں گے۔ کیا گندہ خواب اور کتنی گندی تعبیر ہے۔

# ابو بصیر کی صفائی

ملک اور تونسوی نے رجال کشی سے نقل کیا ہے کہ ابو بصیر نے امام کی شان میں ایک جسارت کی تو ایک کتا آیا اور اس کے منہ میں پیشاب کر گیا۔

**جواب۔**



بالکل درست ہے۔ اگر کوئی امام کی شان میں گستاخی کرے تو اس کے منہ میں کتے کو پیشاب کرنا چاہیئے اور جو شخص نبی کریم کی عقل اور دماغ کی شان میں گستاخی کرے اس کے منہ میں خنزیر کو پیشاب کرنا چاہیئے۔

جناب عثمان نے قرآن جلائے تھے۔ بخاری شریف باب جمع القرآن ملاحظہ ہو۔

پس اسی بے ادبی کی وجہ سے عثمان صاحب جب اصحاب نبی کے ہاتھوں قتل ہوئے تو تاریخ اعثم کوفی ذکر وفات عثمان میں لکھا ہے کہ کتے اس کی ٹانگ لے گئے۔ ٹانگوں کا جرم یہی تھا کہ میدان جنگ میں رسول کو چھوڑ کر بھاگ جاتی تھیں۔ اور جن کتوں نے ٹانگ اٹھائی تھی انہوں نے عثمان صاحب کی اور بھی بہت کچھ خاطر کی تھی جس کے بیان سے آدمی کو شرم آتی ہے۔

نیز الامامۃ والسیاسۃ میں یہ لکھا ہے کہ بی بی عائشہ جب مقام حوأب پر پہنچی تھیں تو چونکہ امام حق سے لڑنے کے لئے جا رہی تھی۔ پس حوأب کے کتوں نے اس کے اونٹ کو گھیر لیا۔ ساتھیوں کی وجہ سے بچ بچاؤ ہو گیا ورنہ خیر نہیں تھی۔

نیز بخاری شریف جلد ۲ صفحہ ۵۲ کتاب الصلوٰۃ میں لکھا ہے کہ ایک سنی صحابی نے رسول کے زمانہ میں صبح کی نماز نہیں پڑھی تھی۔ حضور نے فرمایا اس کے کان میں شیطان پیشاب کر گیا ہے۔

اور آج بھی امان اللہ ملک جیسے ایل ایل بی جو صبح کی نماز نہیں پڑھتے ان کے کان میں بھی شیطان پیشاب کرتا ہے۔

نیز بخاری صفحہ ۱۲ ج ۱ کتاب الوضو میں امام زہری کا قول لکھا ہے کہ

کتے کتے جوٹھے پانی سے وضو کرنا جائز ہے۔ نیز یہ بھی لکھا ہے کہ نبی کریم کے زمانے میں حضور کی مسجد میں کتے پیشاب کرتے تھے اور حضور اس کو پاک نہیں کرواتے تھے۔

پس اہلسنت کے مذہب میں تو کتے کا پیشاب بھی پاک ہوگیا۔ مولوی عبدالستار تونسوی کو چاہیئے کہ انہی کتوں کے پیشاب سے وضو کریں۔ تونسوی اور ملک نے جس واقعہ کو نقل کیا ہے وہ ابوبصیر المکفوف ہے اور شعیب عقرقوقی اس سے روایت کرتا ہے اور یہ ابوبصیر شیعوں کے نزدیک قابل اعتماد نہیں ہے اور جو معتبر ہے وہ ابوبصیر لیث بن بختری ہے۔

## زرارہ کی صفائی

اما السفینۃ فکانت لمساکین یعملون فی البحر فاردت ان اعیبھا وکان ورآءھم ملک یاخذ کل سفینۃ غصبا"

ترجمہ (جناب خضر نے فرمایا) کہ کشتی غریب لوگوں کی تھی جو دریا میں کام کرتے تھے میں نے اس کو اس لئے عیب دار کیا) کہ جو کشتی صحیح حالت میں ہوتی تھی ایک بادشاہ اس کو چھین لیتا تھا۔

نوٹ:- معلوم ہوا کسی شے کی حفاظت کی خاطر اس کو عیب دار کیا جا سکتا ہے جیسا کہ خضر نبی نے ان غریبوں کی کشتی کو عیب دار کردیا تھا تاکہ وہ ظالم بادشاہ نہ چھینے۔ اسی طرح زرارہ آل نبیؑ سے بہت عقیدت رکھتا تھا اور حکام وقت کی نگاہوں میں کھٹکتا تھا اور زرارہ کو سخت خطرہ تھا



کہ کہیں ظالم بادشاہ اس کو قتل نہ کردے۔ پس امام نے زرارہ کی مذمت فرمائی اور اس کی شخصیت کو دوسروں کی نگاہوں میں عیب دار کردیا۔

نیز سورۃ یوسف میں ہے جناب یوسفؑ نے اپنے بھائی کی حفاظت کی خاطر اس پر چوری کا الزام لگا دیا تاکہ اس جرم کے الزام کے سبب اسے مصر میں رہنا پڑے۔

نیز بخاری شریف کتاب بدء الخلق ص۱۳۱ ج۔۲ میں لکھا ہے کہ ابراہیم نبی نے تین باتیں خلاف واقعہ فرمائی ہیں۔ اور ان میں سے ایک یہ ہے کہ اپنی بیوی کو بہن کہا تھا اور غرض یہ تھی کہ بیوی کی عزت اس ظالم بادشاہ سے محفوظ رہ جائے۔

معلوم ہوا کہ حفاظت جان و ناموس کی خاطر خلاف واقعہ بیان دیا جا سکتا ہے پس زرارہ کی حفاظت جان کی خاطر امام نے خلاف واقعہ بیان دیا۔ اور اگر تونسوی و ملک صاحب کا مقصد یہ ہے کہ خواہ مخواہ شیعوں کو تنگ کیا جائے تو ہم یوں عرض کریں گے کہ کتاب الملل والنحل ص۱۷ ج۔۱ ذکر بارہ اختلاف میں ہے کہ حضور نے ابوبکر و عمر کو حکم دیا تھا کہ وہ لشکر اسامہ کے ساتھ جائیں اور یہ بھی فرمایا کہ لعن اللہ من تخلف عن جیش اسامہ کہ خدا اس پر لعنت بھیجے جو لشکر اسامہ میں نہ جائے۔ اور ابوبکر و عمر لشکر اسامہ کو چھوڑ کر واپس مدینے میں آگئے تھے۔

تونسوی اور ملک صاحب کی خدمت میں گزارش ہے کہ ہم ایسے راوی کو چھوڑ دیتے ہیں جس پر امام نے لعنت فرمائی ہے اور آپ ایسے خلیفوں کو چھوڑ دیں جن پر

نبی کریمؐ نے لعنت فرمائی ہے۔

## نورہ والی روایت کی صفائی

